# Chakwal Chamber of Commerce & Industry

1st Floor, Usmania Plaza, Rawalpindi Road, Chakwal

Tel: +92-543-551913-14, Fax: +92-543-551915, Email: theccci@hotmail.com

CCCI/12/ 98

May 08, 2023

## مجلس عاملہ اجلاس کی روداد

************

چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مجلس عاملہ کا آٹھواں ماہانہ اجلاس 08 مئی 2023 بروز سوموار دوپہر 03:00 بجے صدر چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقار ظفر بخثاوری کی زیر صدارت چیمبر سیکریٹریٹ، راولپنڈی روڈ چکوال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں موجود دیگر ارکان کے نام درج ذیل ہیں؛

| | |
|---|---|
| عمر سمیع (سینئر نائب صدر) | محمد احمد فاروقی (نائب صدر) |

### مجلس عاملہ ممبران

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عامر نجیب بھٹہ | نعمان افتخار | سہیل اختر | محمد اسحاق | شیخ ہارون |
| صائمہ مقصود ریپریزینٹیٹو (خواجہ عارف یوسف) | | | | |

### رخصت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ملک خالد حسین | چوہدری ثاقب عباس | حاجی محمد ارشد | غلام حر | گل حمید |

تمام ایگزیکٹو ممبران نے گزشتہ ماہ ایگزیکٹو کمیٹی کی روداد کی منظوری دی۔ اجلاس میں سابقہ اجلاس سے موجودہ اجلاس تک وقوع پذیر ہونے والی تمام سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ گزشتہ ماہ کی مالی معاملات کی رپورٹ پیش کی گئی تمام آمدن اور خرچہ جات کو درست قرار دیا گیا۔

### قرارداد 43

چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مجلس عاملہ ممبران کے اجلاس میں طے پایا کہ جن ممبران نے پچھلے کئی سالوں سے اپنی کاروبار کی تجدید رکنیت نہیں کروائی ان سے صرف دو سال کی فیس وصول کی جائے۔ اجلاس میں موجود تمام ممبران اتفاق رائے کیا اور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔

### قرارداد 44

اجلاس میں یہ طے پایا کہ صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس۔ایم۔ تنویر ملک صاحب کو چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں دوراہ کی دعوت دی جائے۔ اجلاس میں موجود تمام ممبران نے اتفاق رائے کیا اور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔ صدر چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقار ظفر بخثاوری جلد اس حوالے سے اپڈیٹ کریں گے۔

Chakwal Chamber of Commerce & Industry

CamScanner

**Chakwal Chamber of Commerce & Industry**
1st Floor, Usmania Plaza, Rawalpindi Road, Chakwal
+92-543-551913-14, Fax: +92-543-551915, Email: thecccl@hotmail.com

**قرارداد45**

اجلاس میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے 13 مئی 2023 بروز ہفتہ کو منعقد ہونے والی ایکسپوایوارڈ سرمنی کیلئے موصول ہونے والا دعوت نامہ پیش کیا گیا۔اور کہا گیا کہ اگر کوئی ممبر جانا چاہے تو وہ چیمبر آفس میں اپنی کنفرمیشن جمع کرادے۔

**قرارداد46**

پنجاب انفامیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی طرف سے چیمبر سیکریٹریٹ میں ایک جاب سینٹر بنایا گیا ہے اوران کی طرف سے ایک اسسٹینٹ مقرر کی گئی۔اسسٹینٹ کے کام کیلئے ایک ایل-ای-ڈی جبکہ چیمبر آفس کیلئے ایک لیپ-ٹاپ کی ضرورت ہے۔اجلاس میں موجود تمام ممبران اتفاق رائے کیااور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔ایل-ای-ڈی چیمبر نائب صدر عمر سمیع صاحب اور لیپ ٹاپ صدر وقار ظفر بختاوری کو ذمہ داری دی گئی۔

**قرارداد47**

اجلاس میں ڈیپارٹمنٹ آف انڈسٹریز اینڈ سکل ڈیویلپمنٹ کی طرف سے موصول ہونے والا نوٹیفیکیشن پیش کیا گیا جس میں درج تھا کہ ڈیپارٹمنٹ آف انڈسٹریز اینڈ سکل ڈیویلپمنٹ کی طرف سے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جس میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تمام صدور اور دیگر عہدداران کو شامل کیا گیا۔ کمیٹی کی ہر ماہ ایک اجلاس منعقد کیا جایا گا جس کا مقصد انڈسٹریل سیکٹر کے مسائل کی نشاندہی اور ان کا حل تلاش کرنا ہے۔

**قرارداد48**

چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو اور سینیئر ممبران کا وفد ایگزیکٹو ممبر عامر نجیب بھٹہ کی دعوت پر بارانی ایگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹوٹ 16 مئی 2023 بروز منگل کو وزٹ کرے گا۔اس حوالے سے جنرل سیکریٹری کو ہدایات دی گئی کہ وہ ممبران کو اس حوالے آگاہ کریں۔اجلاس میں موجود تمام ممبران اتفاق رائے کیااور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔

**قرارداد49**

چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ممبر شپ کے فارم میں ترمیم کی گئی۔فارم پر موجود مہر (Stamp/Seal) کو optional کر دیا گیا۔اجلاس میں موجود تمام ممبران اتفاق رائے کیااور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔

**قرارداد50**

اجلاس میں تجویز دی گئی کہ چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے ہسپتال،کالجز،سکولز اور مارکیز کو درخواست کرنی چاہیے کہ وہ چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کو خصوصی رعایت دیں۔اجلاس میں طے پایا کہ اس حوالے سے اگلے اجلاس میں فیصلہ کیا جائے گا۔

Chakwal Chamber of Commerce & Industry

CS CamScanner

# Chakwal Chamber of Commerce & Industry

1st Floor, Usmania Plaza, Rawalpindi Road, Chakwal

Tel: +92-543-551913-14, Fax: +92-543-551915, Email: theccci@hotmail.com


**قرارداد 51**

اجلاس میں سابقہ صدر شیخ ہارون صاحب نے کہا کہ چیمبر سیکریٹریٹ میں کوئی بھی تقریب منعقد ہوتی ہے تو شرکت کرنے والے ممبران کی تعداد بہت کم ہوتی ہے اس حوالے سے کوئی اقدامات ہونا چاہیئے۔اس حوالے سے اجلاس میں تجویز دی گئی کہ ایک کمیٹی تشکیل دی جائی جس کا مقصد کسی بھی منعقد ہونے والی تقریب کیلئے ممبران کی شمولیت کو یقینی بنانا ہے۔اجلاس میں موجود تمام ممبران اتفاق رائے کیا اور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔

**قرارداد 52**

اجلاس میں سٹیڈنگ کمیٹیز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔اس حوالے سے جنرل سیکریٹری کو ہدایات دی گئی کہ وہ تمام چیئرین سے رابطہ کرکے اجلاس کا ایک دن مقرر کرکے آگاہ کریں۔علاوہ ازیں چیئرمین سٹیڈنگ کمیٹی برائے میونسپل افیئرز کی کارکردگی تسلی بخش نہیں ہے۔جنرل سیکریٹری کو ہدایات دی گئی کہ ان سے رابطہ کرکے اس کی وجہ دریافت کریں۔پھر اس حوالے سے اقدامات کئے جائیں گے۔اجلاس میں موجود تمام ممبران اتفاق رائے کیا اور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔

**اہم سرگرمیاں:**

- چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے ریسکیو 1122 چکوال کے تعاون سے انٹرنیشنل فائر فائٹرڈے کے حوالے سے چیمبر سیکریٹریٹ میں سیمنار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں 1122 کے عملہ کے انچارج ڈاکٹر عتیق صاحب اور کوارڈینیٹر نعمان صاحب نے بلڈنگ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔ سینئر نائب صدر عمر سمیع صاحب نے قوم کیلئے 1122 کے عملہ کی خدمات کو سراہا۔ سینئر نائب صدر عمر سمیع، سابق صدور شیخ ہارون، خواجہ عارف یوسف، سینئر ممبر اعجاز منہاس، غلام محمد کھوٹ اور دیگر ممبران نے شرکت کی۔

(وقار ظفر بخشاوری)
صدر

Chakwal Chamber of Commerce & Industry

(سائرہ صدیق)
سیکریٹری جنرل

CamScanner